BRAMPTON Flower City brampton.ca

media release

11 مئی 2018

# سٹی آف برامپٹن کے ملازم نے اوپن سٹی چیمپیئن ایوارڈ جیت لیا

برامپٹن، آن - آج سٹی آف برامپٹن کے ملازم میٹ پیٹریسن، ٹیم لِیڈ، GIS اور اوپن ڈیٹا، کے نام کا اعلان اوپن سٹی چیمپیئن ایوارڈز کے فاتح کے طور پر کیا گیا۔ انٹرنیشنل اوپن گورنمنٹ وِیک کے حصے کے طور پر پبلک سیکٹر ڈائجیسٹ کی میزبانی میں منعقد کیا جانے والا یہ اوپن سٹی چیمپیں ایوارڈز زیادہ کُھلی، شفاف اور قابل احتساب ہونے کا عزم رکھنے والی مقامی حکومت کی خدمات کی شناخت و اعتراف کرتا ہے۔

پبلک سیکٹر ڈائجیسٹ نے اوپن سٹی چیمپینز کے تین زمروں میں انجام دی جانے والی اعلیٰ خدمات کا اعتراف کیا: کمیونٹی لیڈر، سٹی کونسل لیڈر اور سٹی ایڈمنسٹریٹو لیڈر۔ میٹ کو سٹی ایڈمنسٹریٹو لیڈر کے زمرے میں فاتح قرار دیا گیا۔

ٹیم لِیڈ، GIS اور اوپن ڈیٹا کے عہدے پر کام کرتے ہوئے میٹ ایک ایسی پُرجدت اور پُرعزم ٹیم کی نگرانی کرتے ہیں جو برامپٹن کے اوپن ڈیٹا پلیٹ فارم جِیوہب (GeoHub) پر کام کرتی ہے اور لوگوں کے لیے عوامی معلومات مثلًا پراپرٹی میپس، بائیک میپس اور زون کے ضمنی قوانین تک لوگوں کی رسائی کو آسان تر بناتی ہے۔ اس میں ایسے ترغیبی ٹولز کی خصوصیات موجود ہیں جو شفافیت کو بڑھانے اور جدت کو فروغ دینے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔ جیوہب کو ڈیٹا سیٹس ملانے اور نقشوں اور چارٹس استعمال کر کے تجزیہ کرنے یا دیگر متعلقہ معلومات حاصل کرنے کے لیے ڈیٹا ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

GIS اور اوپن ڈیٹا کے ممبران ایک ایلچی کے طور پر کام کرتے ہیں اور مقامی ہائی اسکولوں کی کلاسوں میں جاتے ہیں اور انہیں بتاتے ہیں کہ وہ جیوہب پر موجود انتظامی اعداد و شمار اور تجزیاتی ٹولز سے کیسے استفادہ حاصل کر سکتے ہیں۔

یہ پہلی بار نہیں ہے کہ اوپن ڈیٹا پر تسلسل کے ساتھ کام کرنے کے حوالے سے سٹی کے عملہ کی کاوشوں کو سراہا گیا ہو۔ اکتوبر 2017 میں سٹی کو اوپن گورنمنٹ میں معاونت فراہم کرنے کے حوالے سے GIS ٹیکنالوجی کے استعمال پر جیوگرافک انفارمیشن سسٹمز (GIS) کے شعبے میں ایسری کینیڈا کی جانب سے ایوارڈ فار انوویشن موصول ہوا۔ جون 2017 میں ایڈمونٹن میں منعقد ہونے والی کینیڈین ڈیٹا سمِٹ میں جیوہب کے لیے سٹی کو اوپن ڈیٹا رائزنگ اسٹار کے ایوارڈ سے بھی نوازا گیا۔

برامپٹن جیوہب کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، براہ کرم http://geohub.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

**اقتباسات**

"سٹی آف برامپٹن مستقبل کے لیے تیار شہر کے مقصد کے حصول کی جانب کام کر رہا ہے اور اپنی حکومتی خدمات کو مزید شاندار بنانے کے لیے پُرعزم ہے۔ جیوہب کی مدد سے ہمارا عملہ نہ صرف شفاف خدمات فراہم کر رہا ہے بلکہ اس کی مدد سے ہمارا مقصد جدت کو بھی پروان چڑھانا ہے اور اپنے شہریوں کے ساتھ تعاملات میں بہتری لانا ہے۔ میٹ اور GIS اور اوپن ڈیٹا کی ٹیم کے کام پر مجھے فخر محسوس ہوتا ہے اور میں یہ دیکھنے کے لیے منتظر ہوں کہ عملہ کی مسلسل کاوشوں کی وجہ سے لوگ اپنی کمیونٹی کو کیسے مزید بہتر طور پر سمجھ سکتے ہیں اور اس کے ساتھ زیادہ وابستہ ہو سکتے ہیں۔"

- جوزف پٹاری، کمشنر آف کارپوریٹ سروسز

BRAMPTON Flower City brampton.ca

media release

" ہماری جانب سے برامپٹن کی جیوہب میں مزید ڈیٹا اور ٹُولز شامل کرنے سے سٹی کو اپنی کمیونٹی کے ساتھ وابستہ رہنے اور مل جل کر کام کرنے منفرد مواقع میسر آتے ہیں۔ عوام کے ساتھ یہ مسلسل تعامل اور وابستگی برامپٹن کے مستقبل کے لیے ایک تیار اور اسمارٹ سٹی بننے میں کلیدی حیثیت رکھتی ہے"۔

- میٹ پیئٹریسن، ٹیم لیڈ، GIS اور اوپن ڈیٹا

-30-

**برامپٹن بڑا سوچ رہا ہے۔** ہم تیز توجہ کے ساتھ مستقبل کے لیے تیار ایک تنظیم ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ ہماری کمیونٹی کی بڑھوتری، نوجوانی اور تنوع ہمیں سب سے علیحدہ کرتی ہیں۔ ہم کینیڈا کے انوویشن سپر کوریڈور کے مرکز میں موجود ہیں، جو سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور ہماری عالمی کامیابی کو بڑھاتا ہے۔ ہم متنوع اربن سینٹرز تعمیر کر رہے ہیں، جو یہاں رہنے اور کام کرنے والے لوگوں کے لیے مواقع اور ان میں فخر کا جذبہ پیدا کرتے ہیں۔ ہم برامپٹن کو ایک ایسے مربوط شہر بنانے کی جانب آگے بڑھا رہے ہیں، جو جدت پسند، جڑا ہوا اور نڈر ہو۔ ہمیں فالو کریں ٹویٹر اور فیس بُک۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ فرمائیں۔


**میڈیا کنٹیکٹ**

نتالی سٹوگڈل
میڈیا کوآرڈینیٹر
سٹی آف برامپٹن
natalie.stogdill@brampton.ca | 905.874.3654